© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

☆ حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کی لاڈلی بیٹی اور حضرت مولانا عزیز احمد مدظلہٗ، حضرت مولانا خلیل احمد دامت برکاتہم (خانقاہ سراجیہ) کی ہمشیرہ ۳۱ مئی ۲۰۱۶ء کو انتقال کر گئیں۔ یکم جون کو بعد ظہر خانقاہ سراجیہ میں حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد مدظلہٗ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، مولانا فیصل متین، مولانا محمد اکمل اور سید عطاء المنان بخاری نے نماز جنازہ میں شرکت اور حضرات صاحبزادگان سے تعزیت کی۔ ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المومن بخاری دامت برکاتہم اور قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ کی طرف سے بھی تعزیت کی۔

☆ **حضرت قاری عبدالقیوم رحمۃ اللہ علیہ:** جامعہ صدیقیہ لاہور کے بانی حضرت قاری عبدالقیوم رحمہ اللہ ۲۴ / جون ۲۰۱۶ء مطابق ۱۸ / رمضان المبارک کو تراویح کے بعد انتقال فرما گئے۔ مرحوم، شیخ القراء حضرت قاری عبدالوہاب مکی رحمہ اللہ کے مایہ ناز شاگرد، ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم کے ہم درس تھے۔

☆ ہمارے دیرینہ کرم فرما بھائی محمد صاحب (ہلال انجینئرنگ لاہور) کی ہمشیرہ مرحومہ، جو گزشتہ ماہ ایک ٹریفک حادثے میں زخمی ہوئی تھیں، انتقال کر گئیں۔ اس حادثے میں مرحومہ کے شوہر اور بیٹا پہلے ہی انتقال کر گئے تھے۔

☆ **حاجی محمد ریشم مرحوم:** مجلس احرار اسلام چکڑالہ ضلع میانوالی کے صدر امتیاز حسین کے چچازاد بھائی، جناب عبدالخالق کے ماموں محمد ارشد اور سجاد کے والد، انتقال ۱۰ / مارچ ۲۰۱۶ء۔

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے معاون اور عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت کے نائب امیر حضرت مولانا حافظ ناصر الدین خان مدظلہٗ کے بہنوئی جناب محمد شریف خان خاکوانی ملتان میں انتقال کر گئے۔

☆ مولانا احسان الحق رحمۃ اللہ علیہ: جامعہ خیر المدارس ملتان کے فاضل اور ہمارے کرم فرما مولانا احسان الحق ۱۵ / شعبان ۱۴۳۷ھ / ۲۳ / جولائی ۲۰۱۶ء، طویل علالت کے بعد ۶۳ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح انسان تھے۔ مرحوم کے برادر بزرگ مولانا قاری ظفر الحق رحمۃ اللہ علیہ ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے جامعہ خیر المدارس میں ہم درس تھے۔



© rasailojaraid.com